**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 25, 2020

چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان نے نان بینکنگ انوسٹمنٹ اور مضاربہ کے سیکٹر کی ائر بک جاری کر دی

اسلام آباد (جون 25) چیئرمین سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان عامر خان نے نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوسنز اور مضاربہ ایسوسی ائیشن آف پاکستان کی سالانہ رپورٹ جاری کر دی۔ نان بینکنگ انوسٹمنٹ اور مضاربہ سیکٹر کی سالانہ رپورٹ کی آن لائن افتتاحی تقریب جمعرات کو منعقد ہوئی جس میں این بی ایف آئیز، مضاربہ، اور ایس ای سی پی کے حکام نے آن لائن شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایس ای سی پی کے چیئرمین عامر خان نے کہا کہ پاکستان میں نان بینکنگ اور مضاربہ کے سیکٹر کی بڑھوتی اور فروغ کے بہت امکانات موجود ہیں لیکن اس کے لئے مضاربہ اور این بی ایف آئیز کی ایسوسی ائیشن کو عوام اور خاص طور پر دیہی علاقوں میں آگاہی پیدا کرنے کے لئے اقدامات کرنے ہوں گے۔ اس طریقے سے یہ ادارے ان علاقوں میں اپنا دائرہ بڑھا سکتے ہیں جہاں ابھی تک بنک موجود نہیں ہیں اور لوگوں کو محفوظ اور بہتر سرمایہ کاری کے موقع فراہم کر سکتے ہیں۔ عامر خان نے تجویز کیا کہ نان بنکنگ اداروں کو اپنی مارکیٹنگ اور عوام تک رسائی کے لئے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا سں فائدہ اٹھانا چاہیے اور تیز ترین اور آسان مالی مصنوعات فراہم کریں۔ عامر خان نے کہا کہ ایس ای سی پی نان بینکنگ شعبے کو لئے بہتر کاروباری اور ریگولیٹری ماحول کی فراہمی کے لئے قوانین کو بہتر بنانے کے لئے کئی اقدامات ان کی ترجیح میں ہیں۔
سیکٹر کی سالانہ رپورٹ کے مطابق نان بینکنگ انوسٹمنٹ اور مضاربہ شعبے کے کل اثاثہ جات کا حجم 94.5ارب روپے سے بڑھ کر 95ارب روپے ہو گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005